کراچی میں پیپلز پارٹی کی استقبالیہ ریلی میں بم دھماکوں پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

یہ واقعہ ایک بڑا سانحہ ہے اور اس پر جتنا بھی افسوس کیا جائے وہ کم ہے۔الطاف حسین

سانحہ پر پیپلز پارٹی کی سربراہ بینظیر بھٹو اور پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں سے اظہار ہمدردی

لندن۔۔۔18 اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں پیپلز پارٹی کی استقبالیہ ریلی میں بم دھماکوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر کی یہ کارروائی انتہائی قابل مذمت ہے اور اس واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے اور اس پر جتنا بھی افسوس کیا جائے وہ کم ہے ۔ جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے اس واقعہ کو ایک بڑا سانحہ قرار دیتے ہوئے اس پر پیپلز پارٹی کی سربراہ بینظیر بھٹو اور پیپلز پارٹی کے تمام رہنماؤں اور کارکنوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے دہشت گردی کے اس واقعہ میں جاں بحق ہونے والوں کے اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اور زخمیوں کی صحت یابی کیلئے دعا کی۔انہوں نے صدر مملکت جنرل پرویز مشرف اور وزیر اعظم شوکت عزیز سے مطالبہ کیا کہ اس دہشت گردی میں ملوث عناصر کو گرفتار کرکے عبرتناک سزائیں دی جائیں۔

عوام زخمیوں کی جانیں بچانے کیلئے خون کے عطیات دیں۔الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔۔19اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ کراچی میں پیپلز پارٹی کی ریلی میں ہونے والے بم دھماکے میں زخمی ہونیوالے سینکڑوں افراد کی جانیں بچانے کیلئے زیادہ سے زیادہ خون کے عطیات دیں تاکہ قیمتی جانوں کو بچایا جاسکے۔انہوں نے زخمیوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور ان کی صحتیابی کی دعا کی۔

بم دھماکے میں اے آر وائی کے کیمرہ مین محمد عارف کے جاں بحق ہونے پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔19اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کراچی میں پیپلز پارٹی کی استقبالیہ ریلی میں ہونے والے بم دھماکے میں اے آر وائی کے کیمرہ مین محمد عارف کے جاں بحق ہونے پر ان کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے محمد عارف کے سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان اس سانحہ میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والوں کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆